| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: خلیفہ اوّل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ |
| --- | --- |

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دینِ اسلام کے لیے خدمات سے راہ نمائی حاصل کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ ہیں جنھوں نے آپ خاتم النبیین ﷺ کی دعوت پر سب سے پہلے اسلام قبول کیا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر مشکل وقت میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے ساتھ رہے اور تبلیغ اسلام کے لیے کوشاں رہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۳۷ سے "حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دینِ اسلام کے لیے خدمات" کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر وقت نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے ساتھ رہتے یہاں تک کہ ہجرتِ مدینہ کے وقت بھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے ہمراہ تھے اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غارِ ثور میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے ساتھ تین دن اور تین راتیں گزاریں اسی وجہ سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یارِ غار بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جان و مال سے اسلام کی سربلندی کے لیے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کا بلا خوف و خطر ساتھ دیا۔ غزوۂ تبوک کے موقع پر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے گھر کا سارا مال حضور نبی کریم

خاتم النبیین ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کر دیا۔ جب آپ خاتم النبیین ﷺ نے پوچھا: کہ ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ آئے ہو تو جواب دیا اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی محبت چھوڑ آیا ہوں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام کی سربلندی کے لیے تمام غزوات میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔

- طلبہ کو بتائیں نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے وصال کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمانوں کے پہلے خلیفہ بنے۔ خلافتِ ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں مضبوط اسلامی ریاست قائم ہوئی۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کی مدّت تقریباً دو سال تین ماہ تھی۔ اس تمام عرصے میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تمام معاملات کو بڑی حکمت اور فہم و فراست کے ساتھ انجام دیا۔

- طلبہ کو تاکید کریں کہ جس طرح حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام کی سربلندی کے لیے قُربانیاں دیں اور غریبوں کی خدمت کی، ہمیں بھی اُن کی پیروی کرنی چاہیے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سمجھ داری | سَ۔ مَجھ۔ دا۔ ری | عقل مندی |
| دعوے دار | دعوے دار | دعویٰ کرنے والا، مطالبہ کرنے والا |
| فہم و فراست | فہم۔ و فراست | عقل اور سمجھ |
| خلیفہ | خَ۔لی۔فَہ | نائب |
| حکمت | حِک۔مت | دانائی، عقل |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کا سوال (۲) طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی سے کیا راہ نمائی ملتی ہے اپنی کاپیوں پر خوشخط لکھیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:سوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:8 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: صحت و تن دُرُستی | باب ہفتم: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- حفظانِ صحّت کی اہمیت اور اُصولوں کو جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اسلام دینِ فطرت ہے جو انسانیت کے ہر شعبے میں مکمل راہ نمائی کرتا ہے حفظانِ صحت اور تن دُرُستی سے متعلق بھی دینِ اسلام میں مکمل ہدایات موجود ہیں جن پر عملِ پیرا ہو کر ہم ایک اچھی اور صحت و تن دُرُستی والی زندگی گزار سکتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۷۷ سے متن کی پڑھائی کروائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو حفظانِ صحت کا مطلب بتائیں اس سے مراد ایسے اصول ہیں جنھیں ہم صحت و تن دُرُستی کو برقرار رکھنے کے لیے اپناتے ہیں۔
- انھیں بتائیں اللہ تعالیٰ کی بے پایاں نعمتوں میں سے ایک نعمت صحت بھی ہے۔ صحت کا شمار ان نعمتوں میں ہوتا ہے کہ جب تک یہ قائم ہے ہمیں اس کی قدر نہیں ہوتی، مگر جوں ہی یہ بگڑتی ہے ہمیں اس کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اچھی صحت ہونے سے ہی ہم اپنے روز مرّہ کے کام خوش اسلوبی سے سرانجام دیتے ہیں۔
- حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: ”دو نعمتیں ایسی ہیں کہ اکثر لوگ ان کی قدر نہیں کرتے، صحت اور فراغت“۔ (صحیح بخاری، ۶۴۱۲)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مرتب کرنا | مُ۔رَت۔تب | ترتیب دینا |
| لاپروائی | لاپروائی | غفلت |
| خوش اسلوبی | خوش۔اُس۔لُوبی | اچھے طریقے سے |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں صحت کے اُصولوں پر مبنی کوئی دستاویزی فلم دکھائی جائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب ہفتم: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے | سبق کا نام: صحت و تن دُرستی |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- حفظانِ صحّت کی اہمیت اور اُصولوں کو جان سکیں۔
- ذاتی صفائی کا اہتمام کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے اچھی صحت و تن دُرستی کے لیے ہمیں حفظانِ صحت کے اصولوں پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ دینِ اسلام میں جو حفظانِ صحت کے اصول مرتّب کیے گئے ہیں اُن پر عمل کرنے سے نہ صرف پاکیزگی حاصل ہوتی ہے بلکہ قلبی سکون بھی ملتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۷۷ سے ”حفظانِ صحت کی اہمیّت“ کے متن کی پڑھائی کرائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اسلام میں اپنی صحت کا خیال رکھنے کی خاص اہمیت بیان کی گئی ہے۔ قرآن و حدیث میں کئی مقامات پر ہمیں صاف ستھرا رہنے اور صحت کا خیال رکھنے کی تلقین کی گئی ہے۔
- ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: بے شک اللہ بہت توبہ کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے اور وہ خوب پاکیزگی اختیار کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے۔ (سورۃ البقرۃ آیت: ۲۲۲)

- طلبہ کو بتائیں دینِ اسلام نے حفظانِ صحت کے جو اُصول بتائے ہیں ان پر عمل نہ کرنے سے ہماری صحت پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ دینِ اسلام پاکیزگی، طہارت، نہانے دھونے اور صاف ستھرا لباس پہننے پر بہت زور دیتا ہے۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی حدیثِ مبارکہ ہے: پاکیزگی ایمان کا حصّہ ہے۔ (صحیح مسلم:۵۳۲)

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (۲) طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

حفظانِ صحت کی اہمیت پر کمرا جماعت میں گفت گو کی جائے۔